نکاح کروانے کا طریقہ

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُولِ اللّٰہِ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متِین اس مسئلہ کے بارے میں کہ نکاح کروانے کا طریقہ کیا ہے ؟

سائل:آدم (انگلینڈ)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَونِ المَلِکِ الوَھَّاب اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ لِیَ النُّوْرَوَالصَّوَاب

نِکاح اِیجاب و قَبول کا نام ہے نکاح سے پہلے نکاح کروانے والا خود جاکر دلہن سے سے اس کا نکاح کروانے کی وکالت (اجازت) لے مثلاً اسے کہے کیا آپ مجھے فلاں بن فلاں سے اپنا نکاح کرنے کا وکیل کرتی ہیں؟ جب دلہن سے وکالت مل جائے تو پھر نکاح پڑھوانے والا شخص دولہا کے پاس آجائے پہلے خطبہ پڑھے کہ یہ مستحب ہے اورخطبہ یہ ہے -

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ، وَنَسْتَغْفِرُہٗ، وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَاوَمِنْ سَیِّئَاتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلْہُ فَلَا ہَادِیَ لَہٗ وَاَشْہَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَشْہَدُاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُولُہٗ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ (یٰاَیُّہَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمُ الَّذِیْ خَلَقَکُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَۃٍ وَّخَلَقَ مِنْہَا زَوْجَہَا وَبَثَّ مِنْہُمَا رِجَالًا کَثِیْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰہَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِہٖ وَالْاَرْحَامَ ۚ اِنَّ اللّٰہَ کَانَ عَلَیْکُمْ رَقِیْبًا (النساء :1)خُطبہ یاد نہ ہوتو اَعُوْذُ بِاللّٰہ اور بِسمِ اللّٰہشریف کے بعد سورۂ فاتِحہ بھی پڑھ سکتے ہیں۔ پھر دولہا کو احتیاطاً پہلا اور دوسرا کلمہ پڑھا دے مگر یہ ضروری نہیں پھر دوگواہوں کی موجودگی میں دولہا سے نکاح کا ایجاب وقبول کروائے یعنی اسے کہے میں نے فلانہ بنت فلاں کا نکاح اتنے مہر کے بدلے میں آپ سے کیا ،کیا آپ کو قبول ہے؟ اور دولہا کہے گا کہ میں نے قبول کیا ۔اس طرح کرنے سے نکاح ہوجائے گا لیکن ایجاب و قبول کو تین بار دہرا لیا جائے تو بہتر ہے مگر ضروری نہیں ۔کم ازکم واجب مہر دس درہم یعنی دو تولہ ساڑھے سات ماشہ چاندی(تقریباً30 گرام 618 مِلی گرام چاندی)یا اُس کی رقم ہے اور زیادہ سے زیادہ کتنا بھی ہوسکتا ہے جس پر دولہا و دلہن متفق ہوں ۔

وَاللّٰہُ تَعَالٰی اَعْلَمُ وَرَسُوْلُہٗ اَعْلَم عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Date: 21-7-2018

The method of performing someone's Nikāh

الحمد لله والصلوة والسلام على رسول الله

QUESTION:

What do the scholars of the Dīn and muftīs of the Sacred Law state regarding the following issue: What is the method of performing someone's Nikāh?

Questioner: Adam from U.K.

ANSWER:

بسم الله الرحمن الرحيم
الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃ الحَق والصواب

Nikāh is the name of offer and acceptance; before Nikāh takes place, the person performing it should approach the bride and become a representative of (take permission from her for) performing her Nikāh [i.e. on her behalf], for example, he would say, 'Do you make me a representative for yourself in order to perform your marriage with so and so son of so and so?' When one receives permission from the bride, then the one performing the marriage should now approach the husband and first read the khutbah [sermon], as this is mustahabb [recommended]; the khutbah is as follows:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُہٗ، وَنَسْتَغْفِرُہ، وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَاوَمِنْ سَيِّئَاتِ
اَعْمَالِنَا مَنْ يَّہْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ يُّضْلِلْہُ فَلَا ہَادِیَ لَہٗ وَاَشْہَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰهُ
وَحْدَہٗ لَا شَرِيْکَ لَہٗ وَاَشْہَدُاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ
اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ (يٰۤاَيُّہَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِیْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْہَا
زَوْجَہَا وَبَثَّ مِنْہُمَا رِجَالًا كَثِيْرًا وَّنِسَآءً ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ الَّذِیْ تَسَآءَلُوْنَ بِہٖ وَالْاَرْحَامَ ؕ
اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلَيْكُمْ رَقِيْبًا

[Sūrah al-Nisā', v 1]

If one does not remember the khutbah, then after ta'awwudh and tasmiyah, one may recite Sūrah al-Fātihah. Then one should ask the groom to recite the First and Second Declaration of Faith, but this is not necessary. Next one is to ask the groom to offer and accept in the presence of two witnesses[1], meaning one is to say to him that, 'I have performed the nikāh of so and so daughter of so and so in exchange for such and such amount of mahr [dowry] with you. Do you accept?' Then the husband will say, 'I have accepted.' The nikāh will occur by doing so, but it is better to repeat the offer and acceptance parts thrice. The minimum amount of mahr is ten dirhams i.e.

---

[1] Please bear in mind conditions to be a witness

two tolas and seven & a half māshas (approximately 30.618g of silver), or its monetary value, and there is no limit to its maximum amount, so long as it is mutually agreed by the husband and wife.

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
کتبہ ابو الحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Answered by Mufti Qasim Zia al-Qadri
Translated by Haider Ali